اسلامیات (لازمی)	نہم 2019ء	پرچہ I: (انشائیہ طرز)
وقت: 1.45 گھنٹے	(دوسرا گروپ)	کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

2- کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (12)

(i) غزوۂ بدر میں کس خصوصی انعام کا ذکر کیا گیا؟

جواب: غزوۂ بدر کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے جن انعامات کا ذکر فرمایا وہ درج ذیل ہیں:

1- اللہ تعالیٰ نے بارانِ رحمت برسائی۔

2- مسلمانوں کی تسکین کے لیے اُن پر نیند کی چادر اُڑھادی۔

3- مسلمانوں کے دلوں سے خوف اور پریشانی دور فرمادی۔

4- کافروں کے دلوں میں رعب و ہیبت ڈال دیا۔

5- فرشتوں کے ذریعے مسلمانوں کی نصرت فرمائی۔

(ii) سورۃ الانفال کی روشنی میں مومنین کی دو صفات لکھیے۔

جواب: سورۃ الانفال کے مطابق مومنوں کی دو صفات درج ذیل ہیں:

1- سچے مومن وہ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب انھیں اس کی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کا ایمان اور بڑھ جاتا ہے۔

2- وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں۔

(iii) معانی تحریر کیجیے: لَا تَخُوْنُوْا۔ يَحُوْلُ۔

جواب: لَا تَخُوْنُوْا: تم خیانت نہ کرو۔ يَحُوْلُ: حائل ہوتا ہے۔

(iv) کافروں کو مسلمانوں کے خلاف خرچ کرنے پر کیا ملے گا؟

جواب: سورۃ الانفال کے مطابق جب کافر مسلمانوں کو اللہ کی راہ سے روکنے کے لیے مال خرچ کریں گے تو یہ اُن کے لیے افسوس کا موجب ہوگا اور وہ مغلوب ہو جائیں گے۔

Scanned with CamScanner

(v) جب کفار سے مقابلہ ہو جائے تو مسلمانوں کو کون سے کام نہیں کرنے چاہییں؟

جواب : اے اہلِ ایمان! جب میدانِ جنگ میں کفار سے مقابلہ ہو تو ان سے پیٹھ نہ پھیرنا۔

(vi) سورۃ الانفال میں آلِ فرعون کی بربادی کی کیا وجہ بیان کی گئی؟

جواب : پہلا سبب یہ ہے کہ انھوں نے خود کو نعمت کا نااہل ثابت کیا، اور دوسرا سبب یہ ہے کہ انھوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا اور دیگر گناہ کیے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں فرمایا:

''جیسا حال فرعونیوں اور ان سے پہلے لوگوں کا ہوا تھا، ویسا ہی ان کا ہوا۔ اُنھوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے اُن کو اِن کے گناہوں کے سبب ہلاک کر ڈالا اور فرعونیوں کو ڈبو دیا۔ اور وہ سب ظالم تھے۔''

(vii) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد پر اُبھارنے کی کیا ترغیب دی؟

جواب : اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد پر اُبھارنے کے لیے ترغیب دیتے ہوئے فرمایا: اگر تم میں بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو کافروں پر غالب رہیں گے اور اگر سو ایسے ہوں گے تو ہزار پر غالب رہیں گے۔

(viii) ترجمہ کیجیے: فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ط

بابُ العلم .Pk
Babulilm

جواب : ''اللہ تمھیں کفایت کرے گا۔''

(ix) سورۃ انفال کے مطابق بخشش اور عزت کی روزی کن لوگوں کے لیے ہے؟

جواب : جو لوگ نماز پڑھتے ہیں اور جو مال ہم نے دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں یہی لوگ سچے مومن ہیں۔ ان کے لیے پروردگار کے ہاں بخشش اور عزت کی روزی ہے۔

-3 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (12)

(i) حدیثِ مبارکہ کے مطابق تکمیلِ ایمان کے چار اصول لکھیے۔

جواب : تکمیلِ ایمان کے چار اصول درج ذیل ہیں:

-1 انسان کسی سے محبت کرے تو اللہ کے لیے۔

-2 کسی سے بغض رکھے تو محض اللہ کے لیے۔

Scanned with CamScanner

3- انسان کسی کو کچھ عطا کرے تو اللہ کے لیے۔

4- اور کسی کو عطا کرنے سے ہاتھ روک لے تو وہ بھی محض اللہ کے لیے۔

(ii) رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر درود بھیجنے کے فوائد تحریر کیجیے۔

جواب: جو شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے عافیت کا ایک دروازہ کھول دیتا ہے۔

(iii) الرّاشی والمرتشی میں فرق بیان کیجیے۔

جواب: رَاشِیْ کا معنی رشوت دینے والا جبکہ مُرْتَشِی کا معنی رشوت لینے والا ہے۔ گرائمر کی رُو سے رَاشِیْ اسم فاعل جبکہ مُرْتَشِیْ اسم مفعول ہے۔

(iv) تلاوتِ قرآنِ پاک کے دو فضائل تحریر کیجیے۔

جواب: تلاوتِ قرآنِ پاک کے دو فضائل درج ذیل ہیں:

1- قرآنِ پاک کی تلاوت بڑی نیکی ہے۔

2- قرآنِ پاک کے لیے ایک حرف کی تلاوت پر دس دس نیکیاں ملتی ہیں۔

(v) حضرت عثمان غنیؓ نے قرآنِ پاک کے لیے کیا خدمت انجام دی؟

جواب: حضرت عثمانؓ نے اپنے عہدِ خلافت میں قرآنِ مجید کو ایک قرأت پر جمع کیا اور اس کی متعدد نقول تیار کرا کے تمام صوبائی دارالحکومتوں میں ایک ایک نسخہ کے طور پر بھجوا دیں۔

(vi) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت کا تقاضا کیا ہے؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت کا تقاضا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی محبت میں کوئی شریک نہ ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی محبت تمام رشتوں اور تعلقات سے بڑھ کر ہو۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ارشادات کو تمام ذاتی پسند ناپسند پر ترجیح حاصل ہو۔

(vii) غارمین اور ابن السبیل سے کیا مراد ہے؟

جواب: غارمین سے مراد قرض دار ہے جو اپنا قرض ادا نہ کر سکتا ہو جبکہ ابن السبیل سے مراد

BabulIlm

Scanned with CamScanner

مسافر ہے، جو حالتِ سفر میں محتاج ہو جائے۔

(viii) حصولِ علم کے بارے میں کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیے۔

جواب : ''علم کی طلب ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے۔''

(ix) زکوٰۃ ادا نہ کرنے پر قرآنِ مجید نے کیا وعید سنائی ہے؟

جواب : ''جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انھیں دردناک عذاب کی خبر سنا دیجیے۔ قیامت کے دن اس سونے چاندی کو جہنم کی آگ میں تپا کر ان کے چہرے، ان کے پہلو اور ان کی پشتیں داغی جائیں گی۔''

(حصہ دوم)

سوال :4- درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے: **(4, 4)**

(الف) اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ○

(ب) وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ○

(ج) يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ○

جواب : (الف) ترجمہ:

''کچھ شک نہیں کہ اللہ کے نزدیک تمام جانداروں سے بدتر بہرے گونگے ہیں جو کچھ نہیں سمجھتے، اور اگر اللہ ان میں نیکی (کا مادہ) دیکھتا تو ان کو سننے کی توفیق بخشتا، اور اگر (بغیر صلاحیت ہدایت کے) سماعت دیتا تو وہ منہ پھیر کر بھاگ جاتے۔''

Babulilm
Scanned with CamScanner

(ب) ترجمہ:

"اور (اے محمد ﷺ اس وقت کو یاد کرو) جب کافر لوگ تمھارے بارے میں چال چل رہے تھے کہ تم کو قید کر دیں یا جان سے مار ڈالیں یا (وطن سے) نکال دیں تو (ادھر تو) وہ چال چل رہے تھے اور (اُدھر) اللہ چال چل رہا تھا اور اللہ سب سے بہتر چال چلنے والا ہے۔"

(ج) ترجمہ:

"اے نبی ﷺ! مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو۔ اگر تم میں بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو کافروں پر غالب رہیں گے۔ اور اگر سو (ایسے) ہوں گے تو ہزار پر غالب رہیں گے۔ اس لیے کہ کافر ایسے لوگ ہیں جو کچھ بھی سمجھ نہیں رکھتے۔"

سوال :5- درج ذیل حدیث کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیے: (1, 2)

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا۔

جواب : جواب کے لیے دیکھیے پرچہ 2014ء (دوسرا گروپ)، سوال نمبر 5۔

سوال :6- حفاظتِ قرآن پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (5)

جواب : جواب کے لیے دیکھیے پرچہ 2016ء (دوسرا گروپ)، سوال نمبر 6۔

یا

قرآن و حدیث کی روشنی میں علم کی فضیلت تفصیلاً بیان کیجیے۔

جواب : جواب کے لیے دیکھیے پرچہ 2014ء (پہلا گروپ)، سوال نمبر 6۔

Babulilm .Pk

Scanned with CamScanner